بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۸/۲۰۱۸ مورخہ ۲/جنوری ۲۰۱۹

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = مشترکہ قرارداد نمبر ۲۲ منجانب نصراللہ خان زیرے، شام لعل اور محترمہ شاہنہ کاکڑ۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۷/ دسمبر ۲۰۱۸ میں ذیل منظور شدہ مشترکہ قرارداد نمبر۲۲ منجانب نصراللہ خان زیرے، شام لعل اور محترمہ شاہنہ کاکڑ، اراکین اسمبلی بمراد اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔ نیز قواعد و اِنضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲)۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

مشترکہ قرارداد۔

ہرگاہ کہ صوبہ کے عوام کی معلومات تک رسائی، شفاف طرز حکومت، ماحولیات کی حفاظت اور حکومتی اخراجات میں کمی ناگزیر ہو چکی ہے اس لیے یہ ضروری ہے کہ خیبر پختون خواہ اسمبلی کے طرز پر بلوچستان صوبائی اسمبلی کو E.Assembly قرار دینے کیلئے فوری طور ایک کمیٹی تشکیل دے کر فنڈز مختص کیے جائیں۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ خیبر پختون خواہ اسمبلی کے طرز پر بلوچستان صوبائی اسمبلی کو E.Assembly قرار دینے کیلئے فوری طور ایک کمیٹی تشکیل دے کر فنڈز مختص کرے۔

(شمس الدین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت نصراللہ خان زیرے، شام لعل اور محترمہ شاہنہ کاکڑ اراکین **اسمبلی/محرکین قرارداد۔**
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری محکمہ مالیات، حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری محکمہ انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری محکمہ قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخواہ، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاہوانی〉

نائب معتمد، (سوالات)